euaa
EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

Reception and Integration Agency

لتھوانیا

# استقبال کے وقت آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں



یہ معلومات آپ کے لئے اس صورت میں ہے اگر:

- آپ بالغ ہیں (یعنی آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے)
- آپ نے لتھوانیا میں بین الاقوامی تحفظ (جسے پناہ بھی کہا جاتا ہے) کے لئے درخواست کی ہے اور اب آپ بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار ہیں۔

URDU

# مشمولات


استقبال کیا ہے؟ 3

آپ کو کیا ملے گا؟ 6

صحت کی دیکھ بھال کا حق 7

بچوں کے لئے تعلیم کا حق 10

کام کرنے کا حق 11

زبان کے کورسز اور پیشہ ورانہ تربیت 12

دستاویز جس میں لکھا گیا ہو کہ آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست دی ہے 13

آپ کہاں ٹھہریں گے؟ 13

کسی درخواست گزار کو کن حالات میں تحویل میں لیا جا سکتا ہے 16

استقبال پر آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ 17

اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟ 18

اگر آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے +EU ملک جائیں گے تو کیا ہوگا؟ 19

اگر آپ کو اس +EU ملک کی رکن ریاست واپس بھیج دیا جائے، جہاں سے آپ بغیر اجازت نکلے تھے، تو کیا ہوگا؟ 19

آپ حکام کے فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں 20

آپ کو قانونی مدد مل سکتی ہے 21


رابطے کی تفصیلات 23

## استقبال کیا ہے؟

جب تک حکام بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اس وقت تک آپ کو درخواست گزار کے طور پر جو مدد ملتی ہے، اسے استقبال کہا جاتا ہے۔ اس میں اس کتابچے میں بتائے گئے استقبال کے حقوق اور استقبال کی ذمہ داریاں شامل ہیں۔

لتھوانیا میں استقبال کا ذمہ دار حکام ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی ہے۔ آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار حکام مائیگریشن ڈپارٹمنٹ ہیں۔

اسٹیٹ بارڈر گارڈ سروس یا ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کا عملہ آپ سے اس بات کی تصدیق کرنے اور دستخط کرنے کا کہے گا کہ آپ کو اس معلوماتی کتابچے میں دی گئی معلومات موصول ہو گئی ہیں۔ اگر کوئی بات واضح نہ ہو تو عملے سے سوالات ضرور پوچھیں۔
-



**آپ اس ملک میں محفوظ ہیں۔**

آپ کے قیام کے دوران ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کا عملہ آپ کو آپ کے حالات کے لحاظ سے استقبال کی سہولیات اور معاونت کے متعلق معلومات فراہم کرے گا۔



آپ دوسرے اداروں سے معلومات اور مفت مدد بھی طلب کر سکتے ہیں۔ اس کتابچے کے اختتام پر ان اداروں کی فہرست موجود ہے۔



**ایک مترجم** ضرورت پڑنے پر، آپ کو اُس زبان میں عملے سے بات چیت کرنے میں مدد کرے گا جو آپ سمجھ سکتے ہیں۔ مترجم آپ کی بتائی ہوئی کوئی بھی بات دوسروں کو نہیں بتائیں گے۔ مترجم ذاتی طورپر، فون کے ذریعے، یا آن لائن حصہ لے سکتے ہیں۔

**پناہ کے عمل اور قواعد کے متعلق معلومات علیحدہ کتابچوں میں موجود ہیں۔**

**اب آپ لتھوانیا میں ہیں جو ایک +EU ملک ہے۔ +EU کے ممالک ہیں:**

- یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، بیلجیم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیک جمہوریہ، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لکسمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈز (ہالینڈ)، پولینڈ، پرتگال، جمہوریہ آئرلینڈ، رومانیہ، سلوواکیہ، سلووینیا، اسپین، سویڈن اور

- 4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، لختنشٹائن، ناروے ، سوئٹزرلینڈ

## توجہ فرمائیں!

تمام +EU ممالک میں درخواست گزاروں کی استقبال پر ایک جیسے حقوق اور ایک جیسی ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔
پناہ کے لئے اپلائی کرنے اور دیگر +EU ممالک میں سفر کے حوالے سے قواعد موجود ہیں۔

اگر حکام نے آپ کو دوسری ہدایات نہ دی ہوں، تو **آپ کو اسی +EU ملک میں پناہ کے لئے اپلائی کرنے اور اپنی درخواست رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے جہاں آپ سب سے پہلے آئے تھے۔**

**آپ کے پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری صرف ایک ہی +EU ملک کی ہے۔** لتھوانیا کے حکام ایک طریقہ کار کے تحت فیصلہ کریں گے کہ آپ کی پناہ کے درخواست کے لئے کونسا +EU ملک ذمہ دار ہے۔

**آپ کو لتھوانیا میں رہنا ہوگا۔ آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے +EU ملک نہیں جا سکتے۔** چھوڑ کر جانے کی صورت میں منفی نتائج سامنے آئیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ لتھوانیا میں آپ کا پناہ کا عمل روک دیا جائے۔ ہو سکتا ہے کہ دوسرے ملک میں اپنی آزادی سے گھومنے پھرنے پر پابندی لگ جائے اور استقبال کی کچھ سہولیات کو ختم کر دیا جائے۔

# آپ کو کیا ملے گا؟

جب تک حکام آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، آپ کے ذاتی اور مالی حالات کے لحاظ سے آپ کو یہ سہولیات ملیں گی:



- رہائش



- ذاتی صحت و صفائی کا سامان



- کھانا یا کھانا خریدنے کے لئے پیسے



- کپڑے




- روزمرہ کے خرچ کے لئے پیسے

حکام آپ کی ذاتی اور مالی حالات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لئے آپ سے سوالات پوچھیں گے۔

# صحت کی دیکھ بھال کا حق



حکام یقینی بنائیں گے کہ آپ کو **ضروری صحت کی دیکھ بھال** مل رہی ہے۔ اس میں مثال کے طور پر ڈاکٹر یا نرس سے ملاقاتیں، سنگین اور دائمی بیماریوں کے لئے معائنے، ڈاکٹر کی لکھی گئی دوائیں اور ذہنی صحت کے سلسلے میں معاونت شامل ہو سکتی ہے۔

**اگر آپ کو کوئی بھی طبی مسئلہ ہے تو عملے کو بتائیں۔**


اگر آپ کو کوئی طبی ایمرجنسی ہو یا کوئی چوٹ لگی ہو جس کے لئے فوری علاج کی ضرورت ہو، تو عملے کو بتائیں یا ایمرجنسی نمبر 112 پر مفت کال کریں

ایک ڈاکٹر یا نرس آپ کا طبی معائنہ کریں گے۔ وہ آپ کی صحت کا معائنہ کریں گے اور آپ کی مدد کریں گے۔ وہ آپ کے موجودہ یا ماضی کے امراض، آپ کے ویکسین کے ریکارڈز اور آپ کی ادویات کے بارے میں پوچھیں گے ۔ وہ آپ سے آپ کو لگنے والی چوٹوں، درد، بیماریوں، یا پریشانیوں کے بارے میں بھی سوال **پو**چھیں گے ۔



کچھ طبی ٹیسٹ لازمی ہیں، جن میں مثال کے طور پر، ہیومن امیونو ڈیفیشنسی وائرس (HIV) ٹیسٹ، کمپلیٹ بلڈ کاؤنٹ (CBC)، سی-ریایکٹو پروٹین (CRP) ٹیسٹ، اور ہیپاٹائٹس سی وائرس (HCV) کا بلڈ ٹیسٹ شامل ہیں۔

## خصوصی ضروریات رکھنے کی صورت میں آپ خصوصی معاونت حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔



**اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو تو عملے کو بتائیں:**

- آپ بیمار ہیں یا آپ کو چوٹ لگی ہے
- آپ حاملہ ہیں یا آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے
- آپ کے گھر والوں کو مخصوص معاونت کی ضرورت ہے
- آپ کسی معذوری سے دوچار ہیں (مثال کے طور پر، آپ زیادہ چل پھر نہیں سکتے، آپ کو کم سنائی دیتا ہے یا کم نظر آتا ہے)
- آپ کو ہر وقت گھبراہٹ، پریشان یا الجھن ہوتی ہے، آپ کو نیند نہیں آتی، یا آپ کو منفی خیالات آتے ہیں
- آپ کو ماضی میں ظلم و ستم یا تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا
- آپ کو ایسا لگتا ہے کہ آپ غیر محفوظ ہیں، یا کوئی آپ کو دھمکی دے رہا ہے، یا آپ کو کسی سے ڈر لگ رہا ہے، چاہے آپ اس شخص کو جانتے ہوں یا نہیں
- آپ سے ایسے کام کروائے گئے ہیں یا کروائے جا رہے ہیں جو آپ نہیں کرنا چاہتے
- آپ اپنے مذہب، اپنی محبت، اپنے لباس یا اپنے رویے کی وجہ سے خود کو محفوظ نہیں سمجھتے
- آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے، اور آپ اکیلے یا خاندان کے دوسرے افراد کے ساتھ، اپنے والدین کے بغیر آئے تھے۔

ماہر معاونت صرف اسی صورت میں فراہم کی جا سکتی ہے ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کے عملے کو آپ کی خصوصی ضروریات کے متعلق معلوم ہو۔





ماہر عملہ آپ سے ان چیزوں کے بارے میں سوالات پوچھیں گے تاکہ:

- آپ کی **خصوصی ضروریات** کا جائزہ لے سکیں
- آپ کے لئے بہترین **خاص معاونت** کی نشاندہی کر سکیں۔

اسے **خصوصی ضروریات کا تخمینہ** کہا جاتا ہے۔

اگر ضروری ہو تو مترجم آپ کو ایسی زبان میں بات کرنے میں مدد کریں گے، جو آپ کو سمجھ آئے۔



اگر آپ کو خصوصی معاونت کی ضرورت ہو تو **ہمیشہ ریسپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کے عملے سے رابطہ کریں۔**

آپ کو یہ معاونت اس وقت تک ملتی رہے گی جب تک حکام کی خیال میں آپ کو اس کی ضرورت ہو۔

آپ ڈاکٹر، نرس، اور ماہر عملے پر بھروسه کر سکتے ہیں اور ان سے کھل کر بات کر سکتے ہیں۔ تمام معلومات کو رازدار رکھا جائے گا، یعنی اسے آپ کی رضامندی کے بغیر کسی کو بھی بتایا نہیں جائے گا۔

صرف اسی وقت آپ کی بات کسی اور کو بتائی جائے گی اگر آپ کی یا کسی اور کی جان کو خطره ہو، یا ایسا کرنا قانونی طور پر لازمی ہو۔

## بچوں کے لئے تعلیم کا حق

18 سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو، چاہے وہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں، تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے۔

انہیں زبان کی کلاسز جیسی معاونت ملے گی۔



**والدین اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے کے ذمہ دار ہیں۔**

## کام کرنے کا حق

آپ کی صورتحال کے مطابقآپ کام کرنے کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔ اگر بین الاقوامی تحفظ (اسائلم) کے لیے آپ کی درخواست کی رجسٹریشن سے لے کر چھ ماہ کے اندر کوئی فیصلہ نہیں ہوتا، اور اس تاخیر میں آپ کا کوئی قصور نہیں ہے، تو آپ لیتھوانیا میں کام کر سکتے ہیں۔

ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کا عملہ آپ کو ان قوانین کے بارے میں مطلع کرے گا جن کا اطلاق لیتھوانیا میں ہوتا ہے۔

-



کچھ صورتوں میں ایسا نہیں ہوگا، مثال کے طور پر اگر آپ حکام کے ساتھ تعاون نہیں کریں گے تو آپ کو کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔

اگر آپ کام کرتے ہیں اور ایک مخصوص رقم سے زیادہ آمدنی حاصل کرتے ہیں، اور آپ کسی ریسیپشن سینٹر (پناہ گزینوں کے مرکز) میں رہ رہے ہیں، تو آپ کو اپنی رہائش کے اخراجات کا کچھ حصہ خود ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔



14سال سے کم عمر لڑکوں اور لڑکیوں کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

# زبان کے کورسز اور پیشہ ورانہ تربیت

آپ کے حالات کے مطابق، حکام آپ سے ان میں شرکت کرنے کو کہہ سکتی ہے:

- زبان کے کورسز،
- آپ جس معاشرے میں رہ رہے ہیں، اس کے متعلق کورسز (قوانین، قاعدے، اور ثقافت)
- نئی صلاحیتیں حاصل کرنے کے لئے کورسز (پیشہ ورانہ تربیت)۔

آپ یہ کورسز لے سکتے ہیں:

- زبان کے کورسز،
- آپ جس معاشرے میں رہ رہے ہیں، اس کے متعلق کورسز (قوانین، قاعدے، اور ثقافت)
- نئی صلاحیتیں حاصل کرنے کے لئے کورسز (پیشہ ورانہ تربیت)۔



عملہ آپ کو ان کورسز کے متعلق بتائے گا، اور یہ بھی بتائے گا کہ آپ انہیں کب شروع کر سکتے ہیں۔

## دستاویز جس میں لکھا گیا ہو کہ آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست دی ہوئی ہے



آپ کو ایک سرکاری دستاویز ملے گی، جسے غیر ملکی کا رجسٹریشن سرٹیفیکٹ کہا جاتا ہے، جس میں بتایا جائے گا کہ آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست دی ہوئی ہے۔ اس دستاویز میں آپ کا نام اور ذاتی ڈیٹا لکھا ہوگا۔ یہ ہر وقت آپ کے پاس ہونا چاہیے۔

یہ سفر کی دستاویز نہیں ہے۔

**توجہ فرمائیں!** خیال رکھیں کہ یہ آپ سے کھو نہ جائے، اور نہ ہی اسے کسی کو دیں۔

## آپ کہاں ٹھہریں گے؟

آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام ہونے کے دوران، آپ جہاں رہیں گے، اس کا فیصلہ کئی باتوں کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

**آپ جہاں بھی ٹھہرے ہوں، آپ کو یہ حقوق حاصل ہیں:**



- **محفوظ رہنے کا حق:** کسی کے پاس بھی، جس میں عملہ بھی شامل ہے، آپ کو دھمکانے، آپ کی توہین کرنے، یا آپ کو نقصان پہنچانے کا حق نہیں ہے



- **اپنے شوہر، اپنی بیوی، 18 سال سے کم بچوں یا بہن بھائیوں، یا روزانہ دیکھ بھال کی ضرورت رکھنے والے کسی بالغ رشتہ دار کے ساتھ رہنے کا حق**
- آپ اگر بالغ ہیں اور آپ کو روزانہ دیکھ بھال کی ضرورت ہے تو **اپنے رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کا حق**



- اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں تو ان سے **رابطہ** کرنے اور **انہیں ڈھونڈنے کی کوشش کرنے** میں مدد

**اگر آپ کو ایسا لگے تو آپ رسمی طور پر شکایت درج کر سکتے ہیں:**



- عملے کے کسی بھی رکن نے آپ کو دھمکی دی ہو، آپ کی توہین کی ہو، یا آپ کو نقصان پہنچایا ہو۔
- رہائشی حالات اور/یا فراہم کردہ خدمات مناسب نہیں ہیں یا مطلوبہ معیار کے مطابق نہیں ہیں۔
- سیکیورٹی کے ایسے مسائل ہیں جو آپ کی یا دوسروں کی حفاظت کو متاثر کر رہے ہیں۔

ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی آپ کو رسمی طور پر شکایت درج کرنے کا طریقہ بتائیں گے۔

آپ کسی بھی وقت حکام، غیرحکومتی اداروں یا اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**آپ کے حالات کے لحاظ سے حکام فیصلہ کریں گے کہ آپ کو کسی مخصوص جگہ پر (جیسے کہ کسی مخصوص استقبال کے مرکز میں) رہنے کی ضرورت ہے۔**

**آپ کو اس مخصوص جگہ سے باہر جانے کی اجازت دی جائے گی، لیکن آپ پر کچھ پابندیاں لگائی جائیں گی۔ اس مخصوص جگہ پر باقاعدگی کے ساتھ آپ کی موجودگی چیک کی جائے گی۔**



حکام کئی وجوہات کی بنا پر یہ فیصلہ کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر:

- آپ کے بھاگ جانے کا خطرہ ہو
- کوئی دوسرا ملک آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار ہو اور حکام کا خیال ہو کہ آپ فرار ہو جائیں گے
- آپ بغیر اجازت اس ملک سے باہر گئے تھے، آپ کو واپس بھیج دیا گیا تھا اور آپ کے دوبارہ بھاگ جانے کا خطرہ موجود ہو۔

**حکام آپ کو اس زبان میں لکھ کر اس فیصلے کے بارے میں بتائیں گے جو آپ کو سمجھ آتی ہو۔ وہ آپ کو بتائیں گے کہ آپ کو کیا حقوق حاصل ہیں، آپ کی کیا ذمہ داریاں ہیں، اور اگر آپ اس فیصلے پر عمل نہیں کریں گے تو کیا منفی نتائج سامنے آ سکتے ہیں۔**

آپ اس فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔

آپ حکام سے کچھ عرصے کے لئے کہیں اور رہنے کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔ حکام آپ کی درخواست کو منظور یا مسترد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی درخواست مسترد ہو جائے تو آپ اس فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔

**توجہ فرمائیں!** اگر آپ اس مخصوص جگہ پر رہنے کے فیصلے پر عمل نہیں کرتے، یا اپنی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کرتے، اور آپ کے دوبارہ بھاگ جانے کا خطرہ موجود ہو تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو تحویل میں لیا جائے۔

## کسی درخواست گزار کو کن حالات میں تحویل میں لیا جا سکتا ہے

تحویل میں لینے کا مطلب ہے کہ آپ کو ایک مخصوص جگہ پر رکھا گیا ہے اور آپ اپنی آزادی سے یہاں سے جا نہیں سکتے۔ آپ کو تحویل میں لینے کے لئے حکام کے پاس ٹھوس وجہ ہونی چاہیے۔ انہیں یقین ہونا چاہیے کہ کوئی دوسرا راستہ موجود نہیں ہے۔ عدالت فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کے ذاتی حالات پر غور کرے گی۔



تحویل کی وجوہات، مثال کے طور پر، یہ ہو سکتی ہیں:

- تحویل کے بغیر آپ کی پناہ کی درخواست کے کچھ اہم حصوں (جیسے کہ آپ کی شناخت) کی تصدیق نہیں کی جا سکتی
- آپ نے ایک مخصوص جگہ پر رہنے کی ضرورت کا احترام نہیں کیا، اور اس بات کا خطرہ موجود ہے کہ آپ دوبارہ فرار ہو جائیں گے اور حکام آپ سے رابطہ نہیں کر پائیں گے
- آپ کو آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ دار EU+ ملک لے جانے کا فیصلہ مل گیا ہے، اور وہاں جانے سے پہلے آپ کے بھاگنے کا خطرہ موجود ہے
- آپ کی وجہ سے سلامتی کو خطرہ ہے۔

تحویل میں لئے جانے کی صورت میں آپ فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔ آپ مفت قانونی مدد اور نمائندگی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

# استقبال پر آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟





**نیچے کچھ ذمہ داریاں لکھی گئی ہیں جنہیں آپ کو پورا کرنے کی ضرورت ہے۔**

- ✅ اس ملک کے قوانین کی پابندی کریں۔
- ✅ لتھوانیا میں رہیں اور حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسری EU+ ملک نہ جائیں۔
- ❌ بغیر اجازت اس جغرافیائی یا مخصوص جگہ کو چھوڑ کر نہ جائیں جہاں حکام نے آپ کو رہنے کو کہا ہے۔
- ✅ حکام کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور ان کی ہدایات پر عمل کریں۔
- ✅ آپ جہاں رہ رہے ہیں، وہاں کے قواعد کا احترام کریں۔
- ✅ دوسرے رہائشیوں، عملے اور دوسرے لوگوں کا احترام کریں۔
- ✅ اپنے مالی وسائل کے بارے میں حکام کو بتائیں۔
- ✅ حکام کو اپنے موجودہ پتے اور رابطے کی معلومات (فون نمبر، ای میل ایڈریس) اور رابطے کی معلومات میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں بتائیں تاکہ وہ آپ سے کسی بھی وقت رابطہ کر سکیں۔
- ✅ اگر حکام کی طرف سے یہ لازمی قرار دیا جائے، تو انضمام کے لازمی کورسز میں حصہ لیں۔

## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟




ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی آپ کے حالات کا جائزہ لیں گے اور ہو سکتا ہے کہ وہ کسی قسم کی معاونت کو ختم کر دیں یا کم کر دیں۔

ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی آپ کو اس فیصلے کے بارے میں لکھ کر بتائیں گے اور ساتھ یہ بھی بتائیں گہ کو کونسی معاونت ختم یا کم کر دی جائے گی۔

### توجہ فرمائیں!


**آپ کو اس صورت میں کم معاونت مل سکی ہے،** مثال کے طور پر، اگر:

- آپ بغیر اجازت اس جغرافیائی علاقے یا مخصوص جگہ چھوڑ کر جاتے ہیں جہاں حکام نے آپ کو رہنے کو کہا ہے۔
- آپ حکام کے ساتھ تعاون نہیں کرتے
- آپ اپنے مالی وسائل کے بارے میں جھوٹ بولتے ہیں
- آپ جہاں ٹھہرے ہوئے ہیں، آپ وہاں کے قواعد کی پابندی نہیں کرتے
- آپ ضروری کورسز نہیں لیتے
- آپ نے پہلے ہی کسی +EU ملک میں پناہ کی درخواست دی ہے، اور آپ وہ ملک چھوڑ چکے ہیں۔



**آپ کو ملنے والی معاونت اس صورت میں ختم ہو سکتی ہے** اگر آپ دوسروں پر تشدد کریں یا انہیں دھمکیاں دیں، یا اگر آپ بار بار اور سنگین طریقے سے اپنی رہائش کے قواعد کی خلاف ورزی کریں۔ اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ پولیس کو بھی بلایا جائے۔

## اگر آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے +EU ملک جاتے ہیں تو کیا ہوگا؟




**لتھوانیا میں:**

- ہو سکتا ہے کہ آپ کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے۔

**اس +EU ملک میں جہاں آپ بغیر اجازت گئے تھے:**

- ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کو اسی ملک واپس بھیجنے کا فیصلہ کریں جہاں سے آپ بغیر اجازت نکلے تھے

حکام کی طرف سے واپس بھیجے جانے کے متعلق فیصلہ ملتے ہی، آپ کے کچھ حقوق ختم ہو جائیں گے، جیسے کہ:

- آپ کو **کئی سہولیات اور کئی قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی**
- آپ کو **کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی**
- آپ کو **زبان کے کورسز یا نئی صلاحیتوں کے کورسز میں جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔**

## اگر آپ کو اس +EU ملک کی رکن ریاست واپس بھیج دیا جائے، جہاں سے آپ بغیر اجازت نکلے تھے، تو کیا ہوگا؟



حکام یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ کو کسی مخصوص جگہ پر رہنے کی ضرورت ہے، اور آپ کی موجودگی پر باقاعدگی کے ساتھ نظر رکھی جائے گی۔ آپ مرکز کے باہر جا سکیں گے لیکن اس پر کچھ پابندیاں ہوں گی۔

# آپ حکام کے فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں



اگر حکام بطور درخواست گزار آپ کے حقوق کم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں اور آپ سمجھتے ہیں کہ فیصلہ غلط ہے، تو آپ **فیصلے پر اپیل کر سکتے ہیں**۔

آپ اس صورت میں اپیل کر سکتے اگر حکام فیصلہ کریں کہ:

- آپ کو رہائش اور دیگر استقبال کی معاونت کا حق نہیں ہے
- آپ کو ملنے والی استقبال کی معاونت میں کمی کی جائے گی یا اسے ختم کیا جائے گا
- عارضی طور پر کسی مخصوص جغرافیائی علاقے یا کسی مخصوص جگہ سے عارضی طور پر نکلنے کی درخواست کو منظور نہیں کیا جائے گا
- آپ کو کسی مخصوص جگہ پر (جیسے کہ کسی مخصوص استقبال کے مرکز میں) رہنے کی ضرورت ہے، آپ باہر جا سکتے ہیں لیکن آپ پر کچھ پابندیاں لگائی جائیں گی
- آپ کو تحویل میں لیا جائے گا
- لیتھوانیا میں، اپیل عدالتی اتھارٹی (عدالت) کے سامنے دائر کی جاتی ہے۔

اگر آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی +EU ملک گئے تھے، اور وہاں جا کر آپ کے استقبال کے کچھ حقوق ختم ہو گئے ہیں، تو آپ اس ملک میں اس فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔

# آپ کو قانونی مدد مل سکتی ہے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کسی جج کے سامنے اپنے استقبال کے حقوق کو محدود کرنے کے حکام کے فیصلے کے خلاف اپیل کریں تو آپ کو مفت قانونی معاونت اور نمائندگی حاصل ہوسکتی ہے جو آپ کی صورتحال کے مطابق ہوگی۔

اس کا مطلب ہے کہ ایک قانونی مشیر یا وکیل آپ کی مدد کریں گے۔ قانونی مشیر یا وکیل ایک جج کے سامنے آپ کو قانونی معاونت فراہم کریں گے، اور آپ کی مفادات کا دفاع کریں گے، یہ حکام اور جج سے آزاد ہوتے ہیں۔

اگر آپ چاہیں تو اپ اپنی جیب سے رقم ادا کر کے بھی کسی قانونی مشیر یا وکیل سے مشورہ کر سکتے ہیں۔



حکام آپ کو فیصلہ اپیل کرنے کا طریقہ بتائیں گے۔

آپ کسی بھی وقت حکام، غیرحکومتی اداروں یا UNHCR سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جس میں دستیاب مفت قانونی مدد اور نمائندگی کی معلومات شامل ہیں۔



جب حکام لتھوانیا میں یہ فیصلہ کریں کہ آپ کو فراہم کی جانے والی استقبال کی معاونت کو کم یا منسوخ کر دیا جائے کیونکہ وہ صورتحال جو صفحہ 19پر بیان کی گئی ہیں، آپ کے کچھ حقوق ہوں گے۔ مثال کے طور پر، آپ حکام کے فیصلے کے لحاظ ڈاکٹر یا نرس کے پاس جا سکیں گے، آپ کو طبی مدد اور کچھ معاونت [*جیسے کہ کھانا*] ملے گی اور آپ کو سونے کے لئے جگہ دی جائے گی۔

آپ کے ذاتی حالات اور آپ کی ضروریات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ یہ معاونت کیا ہوگی۔

اگر اس EU+ ملک کے حکام، جہاں آپ بغیر اجازت گئے تھے، آپ کو ملنے والی استقبال کی معاونت بند کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کے ذاتی حالات اور ضروریات کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ کو کونسی معاونتیں ملتی رہیں گے۔

## آپ کو قانونی مدد مل سکتی ہے



اگر آپ حکام کے اُس فیصلے کے خلاف اپیل کرنا چاہتے ہیں جس کے تحت آپ کے استقبالی حقوق کو محدود کیا گیا ہے، تو آپ کو عدالت میں مفت قانونی معاونت اور نمائندگی مل سکتی ہے جو آپ کی صورتحال پر منحصر ہوگی۔

اس کا مطلب ہے کہ ایک قانونی مشیر یا وکیل آپ کی مدد کریں گے۔ قانونی مشیر یا وکیل ایک جج کے سامنے آپ کو قانونی معاونت فراہم کریں گے، اور آپ کی مفادات کا دفاع کریں گے، یہ حکام اور جج سے آزاد ہوتے ہیں۔

اگر آپ چاہیں تو اپ اپنی جیب سے رقم ادا کر کے بھی کسی قانونی مشیر یا وکیل سے مشورہ کر سکتے ہیں۔




حکام آپ کو فیصلہ اپیل کرنے کا طریقہ بتائیں گے۔

آپ کسی بھی وقت حکام، غیرحکومتی اداروں یا UNHCR سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جس میں دستیاب مفت قانونی مدد اور نمائندگی کی معلومات شامل ہیں۔

## رابطے کی تفصیلات

اگر آپ کچھ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں یا اگر آپ کو اپنے قیام کے دوران معاونت کی ضرورت ہو، تو آپ یہاں کام کرنے والے عملے سے بات کر سکتے ہیں:

| استقبال کے حکام | |
|---|---|
| Reception and Integration Agency | +370 602 49364 info@piia.lt |

| دیگر متعلقہ حکام | |
|---|---|
| مائیگریشن ڈپارٹمنٹ | +370 707 67000 info@migracija.gov.lt |

| دیگر متعلقہ حکام | |
|---|---|
| سٹیٹ بارڈر گارڈ سروس | +370 707 59305 dvks@vsat.vrm.lt |

آپ ان مسائل سے وابستہ سوالات کے سلسلے میں ان اداروں سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں:

## طبی معاونت



ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی

📧 info@piia.lt 📞 +370 602 49364

یا ایجنسی کے اندر موجود خصوصی عملے سے رجوع کریں۔

## نفسی سماجی معاونت



کیریٹاس آف ویلنیوس آرک ڈائیوسیس :

📧 kulturunamai@vilnius.caritas.lt

📞 +370 673 48052

ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی

📧 info@piia.lt 📞 +370 602 49364

یا ایجنسی کے اندر موجود خصوصی عملے سے رجوع کریں

## قانونی مشاورت، مدد اور نمائندگی



📧 :ریاست کی طرف سے ضمانت شدہ قانونی امداد

teisines.paslaugos@piia.lt 📞 +370 602 49364

لیتھوانین ریڈ کراس سوسائٹی قانونی مشاورت:

📧 legal@redcross.lt; خاندان کے ارکان اور رشتہ

داروں کی تلاش اور ان سے رابطہ

tracing@redcross.lt 📧 کروانا

## UNHCR (اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین)

پناہ تلاش کرنے والوں اور پناہ گزین کے مفادات اور حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔




لیتھوانیا میں UNHCRکے بارے میں - UNHCR لیتھوانیا

**Phone:**

نورڈک اور بالٹک ممالک کے لیے UNHCRکی نمائندگی (اسٹاک ہوم، سویڈن): +46 10 10 12 800 ( پیر سے جمعہ، اسٹاک ہوم کے وقت کے مطابق صبح 10:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک)

UNHCRکا رابطہ دفتر (ویلنیوس، لیتھوانیا) +370 5210 7416 : (پیر سے جمعہ، ویلنیوس کے وقت کے مطابق صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تکٰ)

**ای میل:** swestprotection@unhcr.org

| | |
|---|---|
| انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن (IOM) ولنیئس آفس: رضاکارانہ واپسی میں مدد اور دوبارہ انضمام (سماجی شمولیت) کے لیے امداد | +370 800 12342 iomvilnius@iom.int |
| لیتھوانین ریڈ کراس سوسائٹی: نگرانی | +370 682 16597 stebesena@redcross.lt |

اگر آپ کو کوئی طبی ایمرجنسی ہو یا کسی قسم کا خطرہ ہو تو آپ اس نمبر پر مفت کال کر سکتے ہیں :

**طبی ایمرجنسی:** 112

**پولیس:** 112

# میرے نوٹس

# میرے نوٹس

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA ، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025